Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur, Distt. Azamgarh (U.P.)
Mob.____________________

دار العلوم اہلسنت
مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم
مبارک پور، اعظم گڑھ (یو۔پی) الہند

E-mail: info@aljamiatulashrafia.org
http://www.aljamiatulashrafia.org

Ref.........................

Date 02/12/2025

# اعلان خاص برائے امتحان داخلہ (ٹیسٹ)

## (تعلیمی سال ۴۸-۱۴۴۷ھ / ۲۷-۲۰۲۶ء)

مدرسہ تعلیمی بورڈ یوپی کے امتحانات کی وجہ سے تاریخ میں ترمیم کی جارہی ہے۔

* جامعہ اشرفیہ کی ویب سائٹ (aljamiatulashrafia.in) پر آن لائن درخواست جمع کریں۔
* **آن لائن درخواست فارم بھرنے کی تاریخ: یکم جنوری ۲۰۲۶ء تا ۲۸/فروری ۲۰۲۶ء**
* ایڈمیٹ کارڈ **۱۵/مارچ ۲۰۲۶ء** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

| درجات | تاریخ | | وقت |
|---|---|---|---|
| تاریخ امتحان داخلہ برائے اعدادیہ: | ۲۶/مارچ ۲۰۲۶ء | جمعرات | ۱۰ تا ۱ بجے دن |
| تاریخ امتحان داخلہ برائے اختصاص: | ۲۶/مارچ ۲۰۲۶ء | جمعرات | ۱۰ تا ۱ بجے دن |
| تاریخ امتحان داخلہ برائے حفظ: | ۲۶/مارچ ۲۰۲۶ء | جمعرات | ۱۰ تا ۱ بجے دن |
| تاریخ امتحان داخلہ برائے اولی، ثانیہ، ثالثہ، رابعہ، خامسہ، سادسہ، سابعہ اور فضیلت: | ۲۸/مارچ ۲۰۲۶ء | سنیچر | ۱۰ تا ۱ بجے دن |

نوٹ:-
1. غیر ملکی طلبہ کی درخواست داخلہ صرف دفتر میں ہی جمع ہوگی۔
2. **درجات خصوصی میں امتحان داخلہ کے لیے ۲۹/مارچ ۲۰۲۶ء** اتوار کو درخواست دفتر میں جمع ہوگی، اور امتحان **۳۰/مارچ ۲۰۲۶ء** پیر کو ہوگا۔
3. درجات اختصاص میں امتحان داخلہ کے لیے کسی بھی سنی ادارہ سے **فضیلت فرسٹ ڈویژن** پاس ہونا شرط ہے۔
4. داخلہ کارروائی سے متعلق تفصیلات بعد میں شائع کی جائیں گی۔

صدر المدرسین
(دستخط)
دار العلوم اہل سنت مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم
مبارک پور، اعظم گڑھ، یوپی

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh (U P)

2 DEC 2025

Scanned with CamScanner

Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur, Distt. Azamgarh (U.P.)
Mob.____________________
E-mail: info@aljamiatulashrafia.org

دار العلوم اہلسنت
مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم
مبارک پور، اعظم گڑھ (یو۔پی) الہند
http://www.aljamiatulashrafia.org


Ref..........................  Date 02/12/2025..

# اعلان داخلہ
# برائے درجات خصوصی

(تعلیمی سال ۴۸-۱۴۴۷ھ / ۲۷-۲۰۲۶ء)

مدرسہ تعلیمی بورڈ یوپی کے امتحانات کی وجہ سے تاریخ میں ترمیم کی جارہی ہے۔

* درخواست جمع کرنے کی تاریخ: ۲۹/ مارچ ۲۰۲۶ء، اتوار
* درخواست جمع کرنے کا وقت: ۹ تا ۱۲ بجے دن
* امتحان داخلہ تحریری ۳۰/ مارچ ۲۰۲۶ء، پیر، وقت: ۱۰ تا ۱ بجے دن ہوگا۔
* درجات خصوصی کے لیے متعیّن نصاب ہے اسی کے مطابق امتحان داخلہ ہوگا۔
* اعدادیہ تا رابعہ (پانچ سالہ مختصر کورس)
* خواہش مند امیدوار ۲۹/ مارچ ۲۰۲۶ء کو درخواستیں دفتر میں جمع کریں۔

نوٹ: ❶ درخواست داخلہ صرف دفتر میں جمع کی جائے گی، درخواست پر دو عدد (۲) فوٹو بھی لگے گا۔
❷ داخلہ کارروائی سے متعلق تفصیلات بعد میں نشر کی جائیں گی۔
❸ اس کے بعد کوئی دوسرا داخلہ امتحان نہیں ہوگا اس لیے اسی تاریخ میں خواہش مند حاضر آئیں۔

صدر المدرسین
[signature]
دار العلوم اہل سنت مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم
مبارک پور، اعظم گڑھ، یوپی

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh (U.P.)

2 DEC 2025

Scanned with CamScanner

Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur, Distt. Azamgarh (U.P.)
Mob.________________

E-mail: info@aljamiatulashrafia.org

دار العلوم اہلسنت
مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم
مبارک پور، اعظم گڑھ (یو۔پی) الہند
http://www.aljamiatulashrafia.org

Ref.........................    Date 02/12/2025

# اعلان خاص برائے نو منتخب طلبہ

## تعلیمی سال: ۴۸-۱۴۴۷ھ/۲۷-۲۰۲۶ء

(۱) منتخب / کامیاب امیدواران درستی وضع (سر کے بال آدھا انچ، داڑھی، لباس) کے ساتھ اعلان نتیجہ کے فوراً بعد جامعہ حاضر ہوں اجازت نامہ دکھا کر داخلہ فارم حاصل کریں اور صحیح خانہ پُری کے بعد دوسرے دن دفتر تعلیمات میں جمع کریں۔

(۲) نو داخل طلبہ کو اپنا آدھار کارڈ، درجہ آٹھ یا اس کے مساوی مارکشیٹ / ٹی سی اور پیدائش سرٹیفکیٹ (جنم پرمان پتر) کی کاپی لانا ضروری ہے۔

(۳) درجات خصوصی کے طلبہ کو ٹیوشن فیس اور معاوضۂ خوراک دس ماہ کا یک مشت جمع کرنا ضروری ہوگا۔

(۴) جو امیدوار نیچے کسی درجہ کے لائق قرار دیئے گئے ہیں اور وہ اسی درجہ میں رہنے کے لیے تیار ہوں تو بعد اعلان نتیجہ درخواست دیں کہ میں اسی درجہ میں رہنے کے لیے تیار ہوں۔ (لائق طلبہ درخواست دفتر تعلیمات سے حاصل کریں)

(۵) قدیم و جدید تمام طلبہ کے لیے تعلیمی وقت میں عالمانہ وضع قطع کا لباس لازمی ہوگا۔

**نوٹ: داخلہ کے متعلق اعلان بغور پڑھ لیں۔**

محمد اسلم المصباحی
Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul !
Mubarakpur Azamgarh (

2 DEC 2025

Scanned with CamScanner

Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur, Distt. Azamgarh (U.P.)
Mob.______________________

دار العلوم اہلسنت
مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم
مبارک پور، اعظم گڑھ (یو۔پی) الہند

E-mail: info@aljamiatulashrafia.org
http://www.aljamiatulashrafia.org

Ref.........................

Date 02/12/2025

# اعلان خاص برائے طلبۂ جامعہ اشرفیہ

تعلیمی سال: ۴۸-۱۴۴۷ھ/ ۲۷-۲۰۲۶ء

الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ

---

(۱) قدیم طلبہ! **۲۹؍ مارچ ۲۰۲۶ء** کو جامعہ حاضر ہو کر اعلان کے مطابق کارروائی کرائیں، تاخیر کی صورت میں آپ کو دشواری ہو سکتی ہے۔

(۲) بورڈ کے امتحانات میں غیر حاضر کرنے والے طلبہ کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

(۳) سابعہ و فضیلت اور دیگر قدیم طلبہ جو رسید چندہ کے لیے لے کر گئے ہیں جمع کرنے کے بعد ہی ان کی کارروائی ہوگی۔

(۴) درجات خصوصی کے لیے متعین نصاب ہے اسی کے مطابق تعلیم ہوگی۔

(۵) درجات خصوصی کے طلبہ کے لیے بھی ۷۵؍ فیصد (75%) حاضری لازم ہوگی۔ واضح رہے کہ علالت یا دوسرے ضروری کاموں کے لیے دی جانے والی رخصتوں کا شمار حاضری میں نہیں ہوتا ہے۔

(۶) ٹیوشن فیس اور معاوضۂ خوراک دس ماہ کا یک مشت جمع کرنا ضروری ہوگا۔

2 DEC 2025

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh

Scanned with CamScanner

# اعلان برائے امیدواران داخلہ ۱۴۴۷ھ / ۲۰۲۶ء

صہ/۱

۱- ہر امیدوار اپنا داخلہ کارڈ اور کوئی سرکاری آئی ڈی کارڈ امتحان گاہ میں ساتھ ضرور لائے۔

۲- ہر درجہ کے امیدواروں کی فہرست اور جائے امتحان کا اعلان امتحان کے دن صبح کو ہوگا، اس کے مطابق اپنا رول نمبر اور نشست گاہ دیکھ کر امتحان میں شرکت کریں۔

۳- امتحانی پرچوں پر **مطلوبہ درجہ** ہی کا نام درج ہوتا ہے۔ مثلاً ثانیہ کے امیداروں کے لیے ثانیہ، رابعہ کے امیدواروں کے لیے رابعہ، اس لیے جو درجہ مطلوب ہے پرچہ پر وہی درجہ لکھا ہوا دیکھ کر لیں اور امتحانی کاپی پر بھی وہی مطلوبہ درجہ لکھیں۔ اگر اس میں فرق کیا یا کاپی پر رول نمبر لکھنے میں غلطی کی تو کاپی بے کار ہوگی۔

۴- **وقت امتحان:-** برائے درجۂ اعدادیہ و حفظ و اختصاص ۲۶/ مارچ ۲۰۲۶ء - ۱۰ تا ۱ بجے

برائے درجات اولیٰ تا فضیلت ۲۸/ مارچ ۲۰۲۶ء - ۱۰ تا ۱ بجے

(ضرورت ہوئی تو وقت امتحان میں ترمیم ہو سکتی ہے۔)

**درجۂ حفظ**- تقریباً ہر علاقے، ہر ضلع اور ہر مشہور شہر میں حفظ کی اچھی تعلیم کا انتظام ہے۔ اس لیے حفظ کے امیدواروں کو اپنے قریبی مدارس کا رخ کرنا چاہیے۔ یہاں درجۂ حفظ میں گنجائش بہت کم ہوتی ہے، اس لیے مبارک پور اور ضلع اعظم گڑھ کے طلبہ، پھر قرب و جوار کے طلبہ سے ہی مقررہ تعداد پوری ہو جاتی ہے اور دیگر امیدواروں کو ایک ہفتہ انتظار کے بعد بھی ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ وہ اگر پہلے ہی کسی مناسب جگہ اپنا انتظام کر لیں تو طویل انتظار کی زحمت اور یہاں قیام کے دوران خرچ اور دیگر صعوبتوں سے بچ جائیں گے۔

**درجات عالیہ** میں سے ہر درجے میں داخلہ خاص مقررہ تعداد میں ہوگا اور کمپٹیشن میں زیادہ سے زیادہ نمبر لانے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ کمپٹیشن جامعہ اشرفیہ میں جاری نصاب سے ہوگا اور انگریزی کا بھی پرچہ یا سوال مطلوبہ درجہ اعدادیہ تا فضیلت کے لیے ضرور رہے گا۔ اس لیے اشرفیہ کا نصاب دیکھ کر اپنا مطلوبہ درجہ وہی متعین کریں جس میں کامیاب ہونے پر پورا اعتماد ہو۔

۵- ۷/ اپریل ۲۰۲۶ء تک ان شاء اللہ تعالیٰ نتائج کا اعلان ہو جائے گا۔

۶- مطلوبہ درجہ میں کامیاب طلبہ فوراً جامعہ حاضر ہو کر داخلہ کارروائی مکمل کرائیں۔

۷- حفظ میں ۱۵/ پارے سے کم والوں کا اسی طرح اعدادیہ سے ثانیہ تک کے امیدواروں کا داخلہ معاوضۂ خوراک ‎₹1000/-‎ ماہانہ کے ساتھ ہی ہوگا اور بوقت داخلہ یک مشت پانچ ماہ کا معاوضہ جمع کرنا ضروری ہوگا۔ اس کے بغیر داخلہ فارم نامکمل قرار پائے گا۔ پھر باقی پانچ ماہ کا معاوضہ یکم/ صفر تک جمع کر دینا ہوگا

Scanned with CamScanner

اس کے بغیر ششماہی امتحان میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ اسے اچھی طرح سمجھ لیں اور اپنی وسعت کے مطابق کام کریں۔ جو طلبہ مقررہ وقت پر ادائیگی نہ کرسکتے ہوں وہ دوسری جگہ داخلہ لے لیں، ورنہ کسی وقت بھی ان کا داخلہ مسترد ہوسکتا ہے۔ باقی طلبہ جو بہ آسانی ماہانہ معاوضۂ خوراک ادا کرسکتے ہیں، انھیں بھی چاہیے کہ معاوضۂ خوراک ادا کرکے ہی ڈائننگ ہال سے کھانا کھائیں۔

درمیان سال میں کسی طالب علم کے ۱۵؍ پارے مکمل ہوجائیں تو بھی اسے پورے سال کا معاوضہ جمع کرنا ہوگا۔ درمیان میں مستثنیٰ نہیں کیا جائے گا۔

۸- جب تک نئے امیدواروں کی داخلہ کارروائی مکمل نہ ہو، جامعہ ان کے قیام وطعام کا ذمہ دار نہیں۔ جو امیدوار جامعہ کے مطبخ سے کھانا لینا چاہیں وہ پچاس روپے Rs.50/= یومیہ کے حساب سے پانچ دن کا معاوضہ نگرانِ مطبخ کے پاس جمع کرکے عارضی طور پر کھانا لے سکتے ہیں۔

۹- خصوصی درجات کے طلبہ کو ٹیوشن فیس اور معاوضہ خوراک یک مشت داخلہ فارم کے ساتھ جمع کرنا ہوگا۔

صدرالمدرسین: جامعہ اشرفیہ، مبارک پور

2 DEC 2025

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh (U P)

Scanned with CamScanner

# داخلہ فارم پُر کرنے سے متعلق ہدایات ۱۴۴۷ھ/ ۲۰۲۶ء

۱- طالب علم اگر لکھنا جانتا ہے تو فارم خود پُر کرے، احتیاطاً پہلے کسی سادہ کاغذ پر لکھ کر کسی جانکار کو دکھادے۔ پھر صاف واضح اور جہاں تک ہو سکے اچھے خط میں لکھے، مطلوبہ کوئی خانہ خالی نہ رہے۔ ہندی والا حصہ بھی بہت صاف اور صحیح ہو۔

۲- اندراجات کی تکمیل کے ساتھ نام، ولدیت، والدہ، تاریخ پیدائش اور وطن کا تصدیق نامہ درج ذیل کسی ذریعہ سے حاصل کر کے فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے، اس کے بغیر فارم قبول نہ کیا جائے گا، اور اگر جمع ہو بھی گیا تو اس پر اگلی کوئی کارروائی نہ ہوگی۔

**نوٹ:-** ہر نو داخل طالب علم کے لیے داخلہ فارم کے ساتھ آدھار کارڈ، درجہ آٹھ یا اس کے مساوی مارکشیٹ یا ٹی سی اور پیدائش سرٹیفکیٹ (جنم پرمان پتر) لگانا ضروری ہے۔

## تصدیقی ذریعہ

(۱) کسی بورڈ سے حاصل شدہ سند یا مارک شیٹ جس پر مذکورہ امور مندرج ہوں۔ (۲) نوٹری

(۳) اپنے موضع یا شہر کے پردھان/چیرمین یا کسی افسر کا تصدیق نامہ

۳- نام اور ولدیت میں زیادہ طول سے کام نہ لیں، نہ ہی تبدیلی یا اختلاف پیدا ہونے دیں۔ مثلاً آپ کا نام مختار احمد ہے تو محمد مختار احمد/ مختار احمد رضوی/ نوری/ اشرفی/ مختار عالم/ مختار حسین/ محمد مختار وغیرہ نہ لکھیں۔ اسی طرح ولدیت میں بھی اضافہ اور تبدیلی نہ ہونے دیں۔ ہاں اگر سابقہ کسی سند/ مارک شیٹ/ ٹی. سی. / تصدیق نامہ/ میں محمد مختار احمد/ یا مختار احمد رضوی وغیرہ درج ہے تو اس کی مطابقت ملحوظ رکھیں۔ اسی طرح ولدیت اور تاریخ پیدائش میں بھی اسی کی پابندی کریں۔ تاکہ نام وغیرہ کے فرق واختلاف کی وجہ سے سابقہ سند یا بعد میں ملنے والی سند ساقط اور بے کار نہ ہو۔ اس ہدایت کو اچھی طرح سمجھ لیں اور آئندہ اپنے لیے کسی پریشانی کا دروازہ نہ کھولیں۔

۴- داخلہ فارم میں مارکشیٹ کی مطابقت کے ساتھ جس نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، پتے وغیرہ کا اندراج ہو جائے گا وہی رجسٹر داخلہ پر درج ہوگا۔ اس لیے داخلہ فارم اور مارکشیٹ میں ان امور کو اچھی طرح دیکھ لیں۔ چاہیں تو دونوں کی فوٹو کاپی بھی اپنے پاس محفوظ رکھ لیں۔ مارکشیٹ میں اگر نام، ولدیت، تاریخ پیدائش میں کوئی غلطی ہو تو درست کرا کے صحیح مارکشیٹ لائیں تاکہ آئندہ کوئی پریشانی نہ ہو۔ بالفرض فارم جمع ہونے کے بعد کوئی خامی یاد آئے تو ایک ہفتہ کے اندر اس کی اصلاح کرا لیں، ورنہ بعد میں کسی تبدیلی کی گنجائش نہ ہوگی۔

۵- امتحان داخلہ میں کامیاب طلبہ اعلان نتیجہ کے بعد داخلہ فارم حاصل کریں اور خانہ پُری کر کے مارکشیٹ اور آدھار کی کاپی کے ساتھ دفتر تعلیمات میں جمع کریں، تین دن کے بعد حاضر ہونے والے کا داخلہ فارم منظور نہیں ہوگا۔

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh

2 DEC 2025

Scanned with CamScanner

# اعلان برائے نو منتخب و قدیم طلبہ

۱) مطلوبہ درجہ میں کامیاب طلبہ حسب ہدایت درستی وضع کرواکے فارم داخلہ حاصل کریں اور خانہ پُری کے بعد دفتر تعلیمات میں جمع کر کے فارم جمع ہو جانے کا تصدیق نامہ حاصل کریں۔

۲) (الف) پھر حسب ہدایت -/2000₹ فیس جمع کر کے اپنی قیام گاہ کی تعیین کروائیں۔
(ب) پھر رابعہ اور فضیلت کے طلبہ امام احمد رضا لائبریری سے اپنے درجہ کی کتابیں حاصل کریں۔
اعدادیہ سے ثالثہ تک کے طلبہ مجلس برکات سے کتابیں خریدیں۔

۳) قدیم طلبہ پہلے نگرانِ دارالاقامہ سے درستی وضع کی تصدیق حاصل کریں۔ پھر -/2000₹ فیس کی ادائگی اور کمرہ کی تعیین وغیرہ کا کام حسب بالا انجام دیں۔ بعد تعیین اگر کوئی طالب علم کئی روز غائب رہا تو اس کی جگہ دوسرے کو دی جاسکتی ہے۔

۴) اشرفیہ کیمپس کے باہر کسی بھی طالب علم کے لیے رہائش کی اجازت نہ ہو گی باستثناے المجمع الاسلامی واجازت صدر المدرسین جامعہ ہذا۔

۵) بعد نماز عشا جامعہ کا گیٹ بند ہو جائے گا نماز عشا سے پہلے اپنی ضرورت پوری کر لینا ہو گا۔

۶) فارن ہاسٹل میں رہائش کا معاوضہ مبلغ -/6000₹ ماہانہ ہو گا۔ اور طعام بھی جامعہ کے مطبخ ہی سے کھانا ہو گا۔ اس کا معاوضہ -/1000₹ دینا ہو گا۔

مبارک حسین مصباحی

صدر المدرسین: جامعہ اشرفیہ، مبارک پور

Principal 2 DEC 2025
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh (U.P.)

Scanned with CamScanner

# معاوضۂ خوراک کی ادائگی

## حفظ ۱۵/ پارے سے کم اور اعدادیہ سے ثانیہ کے لیے

حفظ کے وہ طلبہ جن کا داخلہ ۱۵/ پارے سے کم میں منظور ہو، اسی طرح اعدادیہ سے ثانیہ تک کے طلبہ کو عام معاوضۂ خوراک -/1000₹ ماہانہ دینا ہوگا اور ابھی یک مشت پانچ ماہ کا معاوضہ جمع کرنا ضروری ہوگا۔ اس کے بغیر داخلہ فارم نامکمل قرار پائے گا۔ پھر مزید پانچ ماہ کا معاوضہ یکم ر صفر تک جمع کر دینا ہوگا اس کے بغیر شش ماہی امتحان میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ اسے اچھی طرح سمجھ لیں اور اپنی وسعت کے مطابق کام کریں۔ جو طلبہ پابندی سے ادائگی نہ کر سکتے ہوں وہ دوسری جگہ داخلہ لے لیں، ورنہ کسی وقت بھی ان کا داخلہ مسترد ہو سکتا ہے۔ باقی طلبہ جو بہ آسانی ماہانہ معاوضۂ خوراک ادا کر سکتے ہیں، انھیں بھی چاہیے کہ معاوضۂ خوراک ادا کر کے ہی ڈائننگ ہال سے کھانا کھائیں۔

درمیان سال میں کسی طالب علم کے ۱۵/ پارے مکمل ہو جائیں تو بھی اسے پورے سال کا معاوضہ جمع کرنا ہوگا۔ درمیان میں مستثنیٰ نہیں کیا جائے گا۔

صدر المدرسین:- جامعہ اشرفیہ، مبارک پور

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh (U P)

2 DEC 2025

Principal
Darul Uloom Ahle Sunnat
Madrasa Ashrafia Misbahul Uloom
Mubarakpur Azamgarh (U P)

Scanned with CamScanner